مرحوم مشرقی پاکستان سے تشبیہ دی جارہی ہے۔خیبر پختونخواہ کی ہر چیز ہل کر رہ گئی ہے۔

پنجاب کا حال سب سے پتلا ہے۔کئی ٹاسک فورسز بنیں اور بگڑیں مگر امن وسلامتی کی آرزو، حسرت بن کر رہ گئی۔

مرکزی حکومت بجلی، گیس نہ دے سکی۔بجلی کے بغیر گھر تاریک ہوگئے اور گیس کے بغیر چولہے ٹھنڈے ہو گئے اور صوبائی حکومتیں جان، مال اور آبرو کا تحفظ کرنے میں ناکام ہوگئیں۔مرکز اور صوبوں میں کولیشن حکومتیں چل رہی ہیں۔ق لیگ اب باہر ہے مگر حال ہی میں اپنی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے بدترین شکست کھا کر آوٹ ہوئی ہے۔ پی پی پی، اے این پی، ایم کیوایم، جمعیت علمائے اسلام (ف)، ن لیگ، فنکشنل لیگ آئندہ الیکشن میں کس منہ سے ووٹ مانگیں گی۔بی بلّی! چوہا لنڈورا ہی بھلا...... کے مصداق ہم چاروں صوبائی حکومتوں کو اپنے سارے حقوق سے دستبرداری لکھ دیتے ہیں اور نہایت دردِ دل سے التماس کرتے ہیں کہ صرف اور صرف امن وامان قائم کردیں۔

مذہبی جلوس منافرت کا باعث ہیں، پابندی عائد کردینی چاہیے، ساجد میر

شریعت میں ایسے جلوسوں کی کوئی گنجائش نہیں، مذہبی رہنما ملک کی سلامتی داؤ پر مت لگائیں

حکومت محرم میں قیام امن کو یقینی بنانے کیلئے بنیادی محرکات کی طرف توجہ دے، امیر جمعیت اہل حدیث

لاہور (آن لائن) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ مذہبی تہواروں کے موقع پر نکالے جانے والے جلوس منافرت کا باعث بنتے ہیں لہٰذا ان پر پابندی عائد کردینی چاہیے، ایسی سرگرمی کی اجازت صرف چاردیواری میں ہونی چاہیے اور ویسے بھی ایسے جلوسوں کی شریعت اسلامیہ میں کوئی گنجائش نہیں ہے، مذہبی رہنما اپنی ذاتی اناؤں کی خاطر عوام کی جان و مال اور ملکی سلامتی کو داؤ پر مت لگائیں اور قیام امن کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔مرکزی اہل حدیث میں علماء کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام کا یہ کلچر ہی نہیں ہے، اسلام ایک مکمل دین ہے جو آج سے چودہ سو سال پہلے مکمل ہوگیا۔اس میں اضافہ یا کمی نہیں کی جاسکتی۔اگر کوئی دین میں اضافہ کرتا ہے تو وہ بدعتی ہے۔دین کے نام پر ہم خرافات برداشت نہیں کریں گے۔حکومت محرم الحرام میں قیام امن کو یقینی بنانے کیلئے بنیادی محرکات کی طرف توجہ دے، مقدس ہستیوں کے خلاف تبرا بازی اور منافرت پر مبنی لٹریچر اور تقاریر کو روکے اور ازواج مطہرات، اہل بیت اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ناموس کی حفاظت کو یقینی بنائے۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی والدہ محترمہ کیلئے دعائے صحت

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر حافظ عبدالحمید عامر کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں شدید علیل رہی ہیں اور اب الحمد للہ کافی حد تک افاقہ ہے جملہ قارئین کرام سے گزارش ہے کہ محترمہ کی صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا فرمائیں۔